الاستفتاء

کیا فرماتے ہیں مفتیان کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ

(۱) محمد تسلیم گلشن اقبال فلور ملز کبیر والا

(۲) توحید ٹریڈز غلہ منڈی ملتان

(۳) احسان باردانہ ملتان

(۴) اکبر پاپڑ فیکٹری ملتان

مسئلہ یہ پوچھنا ہے کہ توحید ٹریڈز ملتان نے اکبر پاپڑ فیکٹری ملتان سے پیسے لینے ہیں، توحید کہتا ہے کہ احسان باردانہ والے نے اکبر پاپڑ والے کی ضمانت دی تھی، گلشن اقبال فلور ملز والے نے احسان باردانہ والے کے پیسے دینے ہیں، توحید ٹریڈز والا کہتا ہے کہ آپ گلشن اقبال فلور ملز یعنی مجھے کہتا ہے کہ احسان باردانہ کی رقم کاٹ لو، کیا میں یہ رقم احسان باردانہ والے کی کاٹ سکتا ہوں یا نہیں۔۔۔۔۔۔۔؟

المستفتی

محمد تسلیم، گلشن اقبال فلور ملز کبیر والا

الجواب حامداً ومصلیاً

اگر احسان اس ذمہ داری کو مانتا ہے اور اصل مقروض رقم نہیں دے رہا تو باردانہ والے کی رضامندی سے آپ قرضہ کاٹ سکتے ہیں، احسان کی رضا کے بغیر آپ قرض خواہ کے کہنے پر احسان کی رقم آپ نہیں کاٹ سکتے، کیونکہ اصل معاملہ میں آپکا کوئی عمل دخل نہ تھا۔

اللباب في شرح الكتاب (2/ 160)

الحوالة جائزة بالديون، وتصح برضا المحيل والمحتال له والمحال عليه وإذا تمت الحوالة برئ المحيل من الدين.

الهداية في شرح بداية المبتدي (3/ 99)

قال: "وتصح الحوالة برضا المحيل والمحتال والمحتال عليه"

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (5/ 341)

الحوالة (شرط لصحتها رضا الكل بلا خلاف

والله سبحانه وتعالى اعلم بالصواب

الجواب صحیح

کتبہ

مظہر عباس خانیوالی

از دارالافتاء دارالعلوم کبیر والا

۱۰ ربیع الثانی ۱۴۴۲ھ بمطابق ۲۳ جنوری ۲۰۲۰ء

Scanned with CamScanner